Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | پیر، 14 اکتوبر 2024ء ، 10 ربیع الثانی 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 189

34 ارب 73 کروڑ کے سرپلس بجٹ کی منظوری

اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کی منظوری، پھاٹا سے پرائیویٹ پارٹنرشپ سے ہاؤسنگ پراجیکٹ مکمل کرنے کا پلان طلب، پھاٹا کو معاہدہ سائن کرنے کی اجازت

بجٹ کی منظوری کا پہلا پھاٹا گورنگ ہاؤسز کی اجازت سے مشروط کرنے کا اصولی فیصلہ، سابق ہاؤسنگ سکیموں میں قرعہ اندازی میں نام نہ نکلنے والے درخواست دہندگان کے واجبات کی واپسی کی اجازت دیدی گئی

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کی گورننگ باڈی کے 99ویں اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کی گورننگ باڈی کا 99ویں اجلاس منعقد ہوا جس میں رواں مالی سال کے لیے 34 ارب 73 کروڑ کے سرپلس بجٹ کی منظوری دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پھاٹا سے پرائیویٹ پارٹنرشپ سے ہاؤسنگ پراجیکٹ مکمل کرنے کا پلان طلب کرلیا۔ اجلاس میں اپنی چھت اپنا گھر (بقیہ نمبر 1)

قرآن کریم دنیا میں دہشت گردی کے خاتمے کا حل ہے

مسلمانوں کا یہ حال آپس کے لڑائی جھگڑے کی وجہ سے ہے، ڈاکٹر ذاکر نائیک

ہم تقسیم نہ ہوں تو دنیا کی بڑی طاقت بن سکتے، بادشاہی مسجد میں خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے معروف ذاکر اسلامک اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے کہا ہے کہ قرآن کریم ہی پوری دنیا میں دہشت گردی کے خاتمے کا حل ہے۔ لاہور کی بادشاہی مسجد میں خصوصی خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ذاکر نائیک نے (بقیہ نمبر 2)

مجوزہ آئینی ترمیم پر ایم کیو ایم کو اعتماد میں لیا ہے

موجودہ آئینی ترامیم کی کوئی جمہوری جماعت مخالفت نہیں کرسکتی، ، احسن اقبال کا خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی جانب سے ایم کیو ایم کو اعتماد لیا گیا ہے، تحفظات (بقیہ نمبر 5)

احتجاج ملتوی کرنا عمران خان سے ملاقات سے مشروط

بعض اراکین نے احتجاج ملتوی کرنے کی مجیز دی، شہباز گل اور خالد خورشید سمیت دیگر نے مخالفت کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 15 اکتوبر کو اسلام آباد میں ہونے والا احتجاج ممنوع کرنا بانی پی ٹی آئی سے ملاقات سے مشروط کردیا۔ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا ہنگامی اجلاس طویل (بقیہ نمبر 4)

پاکستان اور امریکی بحریہ کی مشترکہ مشقیں

پاک بحریہ روایتی و غیر روایتی چیلنجز سے نمٹنے کیلیے کوشاں ہے، آئی ایس پی آر

کراچی (این این آئی) بحریہ عرب میں پاک اور امریکی بحریہ کی مشترکہ مشقوں کا افتتاح کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بحری مشق میں پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس البدر، کلاسر اور کے جہاز یو ایس ایس اوکین نے (بقیہ نمبر 3)

چینی وزیراعظم کا دورہ پاکستان اہم معاہدوں کا امکان

چینی وزیراعظم کے دورے کے موقع پر کوہالہ ہائیڈرو پاور پروجیکٹ اور آزاد پتن ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سے متعلق پیش رفت کا امکان ہے، گوادر کول پاور پلانٹ متعلق بھی حکومت فائنل کلوز معاہدے کی خوشیاں ہے

ترقرام پانی ڈیم کی تعمیر کے لیے 2 ارب ڈالرز کے قرض متعلق معاہدہ متوقع ہے، اسٹیٹ بینک اور چینی سینٹرل بینک کے درمیان کرنسی سوآپ معاہدے کا امکان ہے، ذرائع

اسلام آباد (پیل نیوز) وزارت خزانہ اور وزارت منصوبہ بندی نے چین کے وزیراعظم لی کیانگ کے دورے کے حوالے سے کئی منصوبوں پر دستخط عمل کرنے اور امکان ہے کہ گوادر میں ایئر کنکٹیویٹی ایئرپورٹ کی ساخت لانچنگ، قرام پانی ڈیم کی تعمیر کے لیے دو ارب ڈالرز کے قرض سمیت متعلقہ معاہدوں کا امکان ہے۔ چین کے وزیراعظم کی کیانگ کے 11 سال بعد پاکستان کے دورے کے حوالے سے وزارت خزانہ اور وزارت منصوبہ بندی نے (بقیہ نمبر 6)

سامی ذمہ داری، H.E. عثمان خمیس ڈی آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے چیئرمین فیصل بن عبداللہ الرواس، عمان میں پاکستان کے سفیر جناب عمران الل مغل میں پہلے پاکستان عمان بزنس فورم کا افتتاح کررہے ہیں

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے چاول کی برآمدات میں ریکارڈ اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے رواں مالی سال میں پاکستان نے کیلی بار چاول کی برآمدات کے ذریعے 4 بلین ڈالر آمدنی حاصل کی جو کہ قابل (بقیہ نمبر 7)

شادی کی تقریب میں نوجوان اپنی ہی گولی سے جاں بحق

جاں بحق نوجوان کی شناخت 17 سالہ محمد رابیش کے نام سے ہوئی، تحقیقات جاری

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں تھانہ ویسٹریج کے علاقے چہڑ چوک میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق نوجوان کی شناخت 17 سالہ محمد رابیش کے نام سے ہوئی ہے، نوجوان (بقیہ نمبر 6)

جو کام تحریک انصاف کرتی ہے وہ گورنر پنجاب نے شروع کردیئے ہیں، عظمیٰ بخاری

آپ کو یاد کرانا پڑتا آپ گورنر ہیں انتظامی معاملات سے آپ کا کوئی لینا دینا نہیں، آپ چائے کافی، ڈنگ میوہ جات انجوائے کریں

حکومت کیسے چلانی ہے صوبے کے انتظامی امور کیسے چلانے ہیں مریم نواز اچھے سے جانتی ہیں وزیراطلاعات پنجاب کا گورنر کے بیان پر ردعمل

لاہور (این این آئی) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سندھ میں سکھر سے موجودہ حیات نہیں، جو سکھر میں ان میں بھی جاوید بندھے نظر آتے ہیں، امتحانات میں فیل اور پورے سینٹرز کا بکار رواج ہے۔ گورنر پنجاب کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ جو کام تحریک انصاف کرتی ہے وہ گورنر پنجاب نے شروع کردیئے ہیں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ

کراچی میں وہیر پریلوٹی فیاضرٹمنٹ ہے پی ایم سی کے تحت بریسٹ کینسر آگاہی واک کے موقع پر وہیر مرشا نزہت شرمت ہیلتھ پارٹی رہنما شرمیلا فاروقی کو شیلڈ پیش کررہی ہیں

قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کے عالمی دن پر پیغام

قدرتی آفات سے نمٹنے کیلیے شعور، تیاری، موثر منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، ایئر ایمبولینس، موٹر وے ایمبولینس سروس کا آغاز کیا

بلگا کی صورتحال سے نمٹنے کیلیے متعلقہ اداروں کے کنٹرول روم کو اپ گریڈ کیا جارہا ہے، پی ڈی ایم اے کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے، وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے شعور، تیاری اور موثر منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ ہنجاب حکومت عوام کے تحفظ کے لیے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق بلگا کی حالات کی منصوبہ بندی کررہی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں ایئر ایمبولینس اور (بقیہ نمبر 8)

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان اکیڈمی سینٹر میں اسلامی جمعیت طلبہ کے تحت دورہ وفد کیلیے پاکستان کے دورے پر روزا سٹاکا دورہ کررہے ہیں

شاہ فرمان وزیراعلیٰ کے سینئر مشیر کے عہدے سے مستعفی

پشاور (این این آئی) سابق گورنر خیبر پختونخوا شاہ فرمان نے وزیراعلیٰ کے سینئر مشیر کے عہدے سے استعفا دے دیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سینئر مشیر بنانے پر وزیراعلیٰ امین گنڈاپور کا مشکور ہوں۔ شاہ فرمان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی تشکیل کردہ احتساب کمیٹی کا ممبر ہوں، کمیٹی ممبر کی حیثیت (بقیہ نمبر 9)

عالمی بینک کا پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کا اجراء ایک اہم اقدام

پروگرام صوبہ پنجاب میں ماں اور بچے کی صحت کو بہتر بنانے کی کوششوں کی قیادت کررہا ہے

پنجاب کو زیادہ آبادی کی وجہ سے اہم چیلنجوں کا سامنا ہے، حکومت پنجاب ان چیلنجوں سے نمٹنے اور تولیدی صحت کے مظہرانے کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم

مطلوبہ اہداف کے حصول کے لئے اقوام متحدہ کے بائیدار ترقی کے لیے پاکستان کے وسیع عزم سے تقویت ملتی ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ میں رائے نے کہا ہے کہ عالمی بینک کا پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کی کوششوں کی قیادت کررہا ہے۔ یہ پروگرام صوبہ پنجاب میں ماں اور بچے کی صحت کو بہتر بنانے کی کوششوں کی قیادت کررہا ہے۔ یہ پروگرام اجراء ایک اہم اقدام ہے، پاکستان کے صوبہ پنجاب میں ماں اور بچے کی صحت کو بہتر بنانے کی کوششوں کی قیادت کررہا ہے۔ یہ پروگرام اور پسماندہ آبادی پر خصوصی منشور کے طور پر فیملی پریمری صحت اور پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ (PWD) کے ذریعے دیہی علاقے میں دائرہ کار کو بڑھانے کی کوشش کررہا ہے۔ (بقیہ نمبر 15)

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ میں رائے منعقدہ اجلاس کے بعد شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

دو قبائل میں تصادم کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد 15 ہوگئی

ضلع کیمر میں حالات معمول پر لانے کے اقدامات کررہے ہیں، ڈی سی جاوید اللہ

ضلع کرم (این این آئی) ضلع کرم کے دو قبائل کے درمیان تصادم کے باعث فائرنگ کے چلنے سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 15 ہوگئی جبکہ مزید 7 زخمی (بقیہ نمبر 2)

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے پاکستان مسلم لیگ (ن) سریاب ٹاؤن کے صدر ملک مصلح الدین بیگل اور رحمت اللہ ٹاکر ملاقات کررہے ہیں

پی ٹی آئی ارکان اسمبلی کے گھروں پر چھاپے مارے جارہے ہیں، اسد قیصر

سب کو انجیکٹ کرنا جمہوری طریقہ لیکن زور زبردستی قانون سازی ہرگز قبول نہیں، اسٹرولیڈ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ارکان اسمبلی کے گھروں پر چھاپے مارے جارہے (بقیہ نمبر 2)

ایس سی او کانفرنس پاکستان کیلئے گیم چینجر ثابت ہوگی عطاء اللہ تارڑ

کانفرنس سے معاشی اور علاقائی روابط کو فروغ ملے گا، پاکستان تجارت اور سرمایہ کاری کے حوالے سے آزادانہ پالیسی پر گامزن ہے

بلاول کے وزیراعظم نے پاکستانی برآمدات بڑھانے کا یقین دلایا، جاول، حلال گوشت سمیت برآمدات سے دونوں ممالک کے تعلقات مضبوط ہوں گے

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کی تیاریوں کے حوالے سے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان ایوٹ انس ای او کی صدارت کرنے جارہا ہے، ایس سی او کے لئے (بقیہ نمبر 10)

ایس سی او جلاس میٹرو بس سروس بند رکھنے کا فیصلہ

ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر 14 سے 17 اکتوبر تک جڑواں شہروں میں میٹرو سروس بند رکھی جائے گی

یاد رہے کہ 15 اور 16 اکتوبر کو پاکستان، اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کی میزبانی کررہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) اجلاس کے موقع پر راولپنڈی اور اسلام آباد میں میٹرو بس سروس بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر 14 سے 17 اکتوبر تک جڑواں شہروں میں میٹرو سروس بند رکھی جائے گی۔ میٹرو بس سروس کی انتظامیہ کے مطابق 13 اکتوبر تک میٹرو بس سروس معمول کے مطابق چلے گی۔ یاد رہے کہ 15 اور 16 اکتوبر کو پاکستان، اسلام آباد میں (بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی' داماد نے گھر میں گھس کر ساس اور سسر کو قتل کردیا

ملزم کی اہلیہ سے ناراضگی تھی جو کئی سال سے اپنے والدین کے گھر رہ رہی تھی

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کوٹلی ستیاں کے علاقے میں داماد نے گھر میں گھس کر ساس اور سسر کو قتل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم کی اہلیہ سے ناراضگی تھی جو کئی سال سے اپنے والدین کے گھر رہ رہی تھی، واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس حکام کے (بقیہ نمبر 16)

بھارت کا ایٹمی پروگرام عالمی امن کیلئے خطرہ بن گیا

پاکستان کا بھارتی ایٹمی پروگرام کیخلاف عالمی فورمز پر آواز اٹھانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کا ایٹمی پروگرام عالمی امن کیلئے خطرہ بن گیا، پاکستان نے بھارتی ایٹمی پروگرام کیخلاف عالمی فورمز پر آواز اٹھانے کا فیصلہ کیا۔ بھارتی بحری جہاز آئی این ایس اریہانت میں سمندری پانی کے داخلے سے حالی ٹح پر (بقیہ نمبر 17)

غازی آباد کی رہائشی خواتین پولیس کی طرف سے انصاف نہ ملنے کیخلاف احتجاج کررہی ہیں

کراچی میں 5 روز کے لیے دفعہ 144 نافذ

کسی بھی جگہ 5 افراد سے زائد کے جمع ہونے پر پابندی ہوگی، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (این این آئی) شہر قائد کراچی میں 5 روز کے لیے دفعہ 144 کا نفاذ کردیا گیا جس کے باعث ہر قسم کے عوامی اجتماعات پر پابندی عائد کردی گئی۔ کراچی میں 13 سے 17 اکتوبر تک دفعہ 144 نافذ کردی گئی جس کے باعث ہر مطلاق کراچی، احتجاج، ریلیوں اور مظاہروں پر فوری پابندی عائد ہوگی۔ (بقیہ نمبر 24)

غیرت کے نام پر خاتون قتل، دو بھائی، شوہر، دیور گرفتار

گھر کا سربراہ اہلیہ اور 3 بیٹیوں کو قتل کر کے بیرون ملک فرار ہوگیا تھا

سوات (این این آئی) سوات میں سنگور کے علاقہ بنجوٹ میں غیرت کے نام پر خاتون کو قتل کردیا گیا۔ پولیس نے قتل کے الزام میں دو بھائیوں، شوہر اور دیور کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے خاتون کی لاش کو متاثرہ اسپتال منتقل کردیا۔ اس سے قبل رواں برس فروری میں سوات میں کیل کے علاقہ ریوڑی میں ایک گھر سے 4 لاشیں ملی تھیں۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 26)

ڈاکس عالم شمرہ کو عبدالرحمٰن اور ایف ڈی آئی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ بخت ستارہ نزاکت کا تبادلہ کررہے ہیں

صوبے میں ڈینگی کے مزید 118 کیسز رپورٹ

لاہور (این این آئی) گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران صوبے میں ڈینگی کے مزید 118 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق راولپنڈی سے 102، لاہور سے 3، بہاول اور میانوالوں سے 2، 2 جبکہ پاکپتن، چنیوٹ، منڈی بہاؤالدین، رحیم یار (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب اور آئی جی کی سخت ہدایات کے باوجود پولیس اہلکار بغیر ہیلمٹ سفر کررہے ہیں

لڑکی کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

کراچی (این این آئی) لڑکی کے قتل میں ملوث ملزم سہراب گوٹھ کراچی کے علاقے ملیر کے سے گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے بریالی ٹاؤن میں علاقہ اسماء گوجر کیرجیوں کے دارے قتل کیا تھا۔ ملزم متقول کی لاش کو پانی کی ٹینک میں ڈال کر فرار ہوگیا تھا۔ گرفتار ملزم نے دوران تفتیش بتایا کہ واقعہ ذاتی دشمنی کی (بقیہ نمبر 2)

پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائیاں؛ اسلحہ اور منشیات برآمد

پاک ایران سرحد کے قریب خفیہ اطلاعات پر ایک کشتی کو قبضے میں لیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز نے مختلف کارروائیوں میں اسلحہ اور منشیات برآمد کرلیں۔ پاکستان کوسٹ گارڈز نے پاک ایران سرحد کے قریب اورماڑہ میرین پورٹ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات پر سرچ آپریشن کر کے ایک کشتی کو قبضے میں لے لیا۔ کارروائی کے دوران 4 عدد بیریاں اور 2 عدد ایل پی جی سلنڈرز برآمد کیے گئے جن میں اسلحہ اور (بقیہ نمبر 3)

کراچی ایکسپریس کی 2 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں

ٹرین کو اسٹیشن سے روانہ ہوتے ہی ریلوے یارڈ میں حادثہ پیش آیا، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

تاہم بعد میں کراچی ایکسپریس کی پٹری سے اترنے والی دونوں بوگیوں کو الگ کرکے اپ ٹریک کو بحال کردیا گیا

حیدرآباد (این این آئی) حیدرآباد ریلوے اسٹیشن کے قریب کراچی ایکسپریس کی 2 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں۔ ریلوے حکام کے مطابق ٹرین کو اسٹیشن سے روانہ ہوتے ہی ریلوے یارڈ میں حادثہ پیش آیا، بوگیاں ٹریک سے اترنے سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ حادثے کے بعد تکنیکی عملہ پہنچ گیا، بوگیوں کو ٹریک پر لانے کا کام شروع کیا۔ بوگیاں ٹریک سے اترنے سے اپ اور ڈاؤن ٹریک کی ریلوے ٹریک متاثر ہوا۔ بعد ازاں کراچی ایکسپریس کی پٹری سے اترنے والی دونوں بوگیوں کو الگ کرکے اپ ٹریک کو بحال کردیا گیا۔ جس کے بعد حضرت اسٹیشن پر روکی گئی ٹرینیں چل پڑیں۔ انتظامیہ (بقیہ نمبر 4)

لاہور: شاہدرہ جی ٹی روڈ پر خانہ بدوش اونٹوں کو اوورٹیک کرنے کے لئے کھڑے ہیں۔

750 روپے مالیت کے بانڈز کی قرعہ اندازی (کل) ہوگی

لاہور (این این آئی) 750 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی کل (منگل) 15 اکتوبر کو ہوگی۔ مذکورہ قرعہ اندازی کا پہلا انعام 15 لاکھ کا ایک، دوسرے انعام میں 5 لاکھ روپے کے تین اور تیسرے انعام میں 300 روپے مالیت (بقیہ نمبر 25)

اوپن مارکیٹ میں گھی کی قیمتوں میں 10 سے 50 روپے تک اضافہ

لاہور (این این آئی) اوپن مارکیٹ میں گھی کی قیمتوں میں 10 سے 50 روپے تک اضافہ ہوگیا۔ درجہ سوم کا گھی 50 روپے اضافے سے 440 روپے فی کلو، درجہ دوم گھی 20 روپے اضافے سے 470 روپے جبکہ درجہ اول کا گھی 10 روپے اضافے (بقیہ نمبر 27)

سرگودھا ٹریفک حادثے میں جاں بحق

ایس ایچ او پولیس اعزاز کیساتھ تدفین کردی گئی

سرگودھا (این این آئی) ٹریفک حادثہ میں جاں بحق تھانہ کاٹھ پھال کے 38 سالہ ایس ایچ او سب انسپکٹر علی عباس کھوکھر کو ان کے آبائی گاؤں رحمہ کھوکھر شاہ چینہ میں پورے پولیس اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کردیا گیا۔ جن کے اہصال ثواب کے لئے قومی اسمبلی ہارے تین المذاہب کے اجلاس میں (بقیہ نمبر 28)

کمالیہ کے صحافیوں نے مثبت انداز میں مسائل کی نشاندہی کی ہے

میرے دروازے عوام کے لیے ہمہ وقت کھلے ہیں، ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ

کمالیہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ چوہدری محمد نعیم سندھو نے کہا ہے کہ کمالیہ کے صحافیوں نے مثبت انداز میں مسائل کی نشاندہی کی ہے اور بھیشہ علاقہ میں امن و امان کو قائم رکھنے میں اپنے حصے کا رول ادا کیا ہے اور ان جیسے صحافیوں کو باقی لائف کیا (بقیہ نمبر 8)

چوکی مبینہ پولیس مقابلہ میں تین ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

ڈاکو کا موقع سے فرار ہونے میں کامیاب، پولیس فرار ڈاکوؤں کی گرفتاری کیلئے کوشاں

چوکی (این این آئی) چوکی سعید پولیس مقابلہ میں تین ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار اور 3 ڈاکو موقع سے فرار ہونے میں کامیاب حقدمات درج کرلیے گئے۔ تھانہ صدر چوکی کے علاقہ کھیوال بھاگ کے قریب سعید پولیس مقابلہ ہوا سعید پولیس مقابلہ میں تھانہ صدر چوکی (بقیہ نمبر 9)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی آواز کے ساتھ لگاتار 26 سال سے شائع ہونے والا اخبار
ادارہ تحریر: 0051-8443101-2 ادارہ اشتہارات: 0051-8443103

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

عوامی ریلیف پر آئی ایم ایف کی پابندیاں

آئی ایم ایف کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کا لیٹر آف انٹنٹ جاری کر دیا گیا ہے جس میں تحریر کیا گیا ہے کہ پروگرام کے ایک بینچ مارک کے طور پر پاکستان کبھی کوئی ایمنسٹی سکیم نہیں دے گا۔

آئی ایم ایف نے پاکستان کو کچھ مشورے کچھ تجاویز اور کچھ ڈکٹیشن دی ہے۔ اس کی طرف سے کہا گیا ہے کہ سول سروسٹ ایکٹ کے اندر ایک ترمیم کر کے ماتحت اور اعلیٰ سطح کے تمام افسروں اور انکی ملکیت کے اندر موجود تمام اثاثوں کو ظاہر کرنا لازمی ہوگا۔ عوام کو ان معلومات تک رسائی دی جائے گی، حکومت گورننس اور کرپشن کی تشخیصی رپورٹ کو شائع کرے گی۔ ایسی تجاویز پر عمل کیا جا سکتا ہے جس سے پاکستان کی معیشت میں بہتری آنے کے امکانات موجود ہیں۔ اس کے ساتھ ہی آئی ایم ایف کی طرف سے ڈکٹیشن بھی دے دی گئی ہے کہ شارٹ فال کی صورت میں حکومت منی بجٹ متعارف کروا دے گی، مشینری کی امپورٹ، را میٹریل کی درآمد، سپلائی پر ڈیوٹی اور ہولڈنگ ٹیکس میں ایک فیصد اضافہ کیا جائے گا جو اقدامات ریونیو شارٹ فال کی صورت میں اٹھائے جا سکیں گے ان میں بیٹھے مشروبات پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی میں پانچ فیصد کا اضافہ کرنا شامل ہے۔ حکومت کو اس بات کا پابند کیا گیا ہے کہ وہ کھاد اور کرم کش ادویات پر پانچ فیصد کے حساب سے فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی نافذ کرے گی۔ آئی ایم ایف جس دھونس اور دباؤ سے اپنی کڑی شرائط میں پاکستان کو جکڑ تا جا رہا ہے' اس سے یہ تاثر پختہ ہو چکا ہے کہ پاکستان کی آزادی اور خودمختاری اس مالیاتی ادارے کے پاس گروی رکھ دی گئی ہے جو ہمارے کرتا دھرتاؤں کیلئے لمحہ فکریہ ہونا چاہیے۔ کن اداروں کو نجی تحویل میں دینا ہے' کن کو نہیں' ایمنسٹی سکیمیں لانا ہیں یا نہیں' یہ ملکی ترقی اور خودمختاری کے حوالے سے آئی ایم ایف کا نہیں' حکومت پاکستان کا فیصلہ ہونا چاہیے۔ اگر اسکی ہر شرط پر سر تسلیم خم کیا جاتا رہے گا تو اسکے حوصلے مزید بلند ہوتے رہیں گے۔ حکومت کو اسکے آگے بہر صورت بند باندھنے کی ضرورت ہے۔ کوشش کی جائے کہ آئی ایم ایف سے لیے جانے والا یہ پروگرام آخری ہو۔

عروج وزوال

عروج وزوال انسانی تاریخ کا ایک لازمی حصہ رہے ہیں۔ ہر وہ شخص، قوم یا ادارہ جو عروج کی بلندیوں پر پہنچتا ہے، ایک دن زوال کا سامنا بھی کرتا ہے۔ اس کی کئی وجوہات ہوتی ہیں، کچھ داخلی اور کچھ خارجی عوامل جو کامیابی کو ناکامی میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ عبداللہ الفصحی کی زندگی اس سلسلے میں ایک نمایاں مثال ہے، جس کی زندگی کا سفر ہمیں عروج سے زوال کے اسباب پر گہرے غور وفکر کی دعوت دیتا ہے۔ عبداللہ الفصحی کا نام عرب دنیا میں ایک وقت تھا کہ بلند ترین علمی مقامات پر فائز تھا۔ وہ اسلام کے عظیم مفکر کے طور پر پہچانا جاتا تھا اور اس کی کتابیں جیسے "سراج السلام والنجیٰ" اور "الیروق النجدی" عرب دنیا میں ایک علمی تحریک بن چکی تھیں۔ ان کے خیالات اور تحریریں اس قدر مقبول ہوئیں کہ امام کعبہ تک نے ان کی تعریف میں قصیدہ پڑھا اور انہیں "ابن تیمیہ ثانی" کا خطاب ملا۔ یہ وہ وقت تھا جب الفصحی کے علمی مقام کا طوطی بول رہا تھا، اور انہیں جنت کا وارث سمجھا جاتا تھا۔ لیکن پھر اچانک ان کا سفر ایک ایسے موڑ پر آ پہنچا جہاں سے ان کا زوال شروع ہو گیا۔ وہ شخص جو اسلام کا دفاع کرتا تھا، اچانک اسلام کا تخت ناقدین کیا اور الحادی طرف مائل ہو گیا۔ انہوں نے اپنی مشہور کتاب "ہذی ہی اللاغلال" میں نماز، روزہ اور دیگر اسلامی عبادات کو گلے میں پڑی زنجیروں سے تشبیہ دی اور دعویٰ کیا کہ مسلمانوں کی پسماندگی کا سبب ان کی عبادات ہیں۔ انہوں نے خدا کے وجود کا انکار کر دیا اور اپنی صلاحیتوں کو اسلام کے خلاف استعمال کرنے لگے۔ الفصحی کی اس تبدیلی نے علمی دنیا کو حیرت میں ڈال دیا۔ فصحی کی اس داستان سے یہ سوال اٹھتا ہے کہ وہ کون سے عوامل تھے جنہوں نے ایک عظیم عالم کو اس قدر بدل دیا کہ وہ عروج سے زوال کی گہرائیوں میں جا گرا۔ اس قریبی دوستوں اور علاقے اس زوال کی وجوہات بیان کی ہیں جو ہر کامیاب شخص کے لیے سبق آموز ہیں۔ فصحی کے زوال کی پہلی وجہ غرور اور تکبر تھی۔ جب انسان کامیابی کے نشے میں خود کو دوسروں سے برتر سمجھنے لگتا ہے، تو اس کی عاجزی ختم ہو جاتی ہے اور وہ خود کو ناقابل شکست سمجھنے لگتا ہے۔ الفصحی بھی اپنی علمی بلندی کے نشے میں مبتلا ہو گیا تھا، اور یہی غرور اس کے زوال کا سبب بنا۔ دوسری وجہ ان کی کثرت بحث و مباحثہ تھی۔ وہ ہر بات کو شک کی نگاہ سے دیکھنے اور ہر نظریے کو بحث کے میدان پر تولنے لگے۔ یہ عادت انہیں یقین سے دور لے گئی، یہاں تک کہ وہ اپنے خالق کا وجود اور خدا کے وجود پر بھی سوالات اٹھانے لگے۔ یہ شک اور بے یقینی انہیں گمراہی اور عملی زوال کی طرف لے گئی۔ تیسری وجہ ان کا مخالف نظریات اور الحادی کتب کا حد سے زیادہ مطالعہ تھا۔ وہ ظلمانہ خیالات میں اس قدر غرق ہو گئے کہ وہ اس نظریات کے زہر اثر آ گئے اور اپنی ساتھ دینی وفکری بنیادوں کو ترک کر دیا۔ علم کا حصول ضروری ہے، لیکن جب انسان غیر ضروری طور پر مخالف فکر میں ملوث ہو جائے تو وہ گمراہی کا شکار ہو سکتا ہے۔ فصحی کی زندگی کے ان اسباب کو دیکھتے ہوئے یہ کہنا ضروری ہے کہ علم اور کامیابی کے باوجود، انسان کو عاجزی اور استقامت کی ضرورت ہوتی ہے۔ غرور، شک اور بے جا فکری انتشار انسان کو عروج سے زوال کی طرف لے جا سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ خارجی عوامل جیسے جذباتی وابستگیاں بھی انسان کے فیصلوں پر اثر انداز ہو سکتی ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ فصحی ایک جسمانی لڑکی کے عشق میں مبتلا ہو کر بھی گمراہی کی طرف مائل ہوئے تھے۔ عروج کا سفر ہر کسی کے لیے خوش کن ہوتا ہے، لیکن اس بلندی پر قائم رہنے کے لیے استقامت، عاجزی اور خوشامدی کو اپنانا ضروری ہے۔ فصحی کی زندگی ایک اہم سبق ہے کہ علم اور کامیابی کا حصول ایک چیز ہے، لیکن اس مقام پر قائم رہنے کے لیے ہمیں اپنے عقائد اور اصولوں پر مضبوطی سے قائم رہنا ضروری ہے۔ اللہ سے ہمیشہ استقامت کی دعا کرتے رہنا اور خود کو ان غلری محرکات سے بچانا ضروری ہے جو انسان کو گمراہی کی طرف لے جاتے ہیں۔ فصحی کی زندگی ہمیں یہ یاد دلاتی ہے کہ عروج ایک نعمت ہے، لیکن اسے سنبھال کر رکھنا ایک امتحان ہے۔

فلسطین نسل کشی کا ایک سال

بنت مریم (اسلام آباد)

ظلم، بربریت، دہشتگردی، قتل وغارت سب نے بوجھ کر "نسل کشی" کا ایک کمال سال۔ تین سو ہفتے اور ۱۰ ہزار نے کتنے ہفتے؟ کتنے منٹ اور کتنے سیکنڈز؟

ہم کیا جانیں۔ اس ایک ایک لمحے کے گزرنے اور اس میں ہونے والے دلسوز واقعات کا اندازہ تو انہی کو ہوگا جن پر گزری۔

کیا ایسا ہی ہوتا ہے؟؟

کیا جمیں اتنی آسانی سے بھی کچھ نظر آ رہا چاہیے کہ "پتا بھی نہیں چلا کیسے سال گزر گیا۔"

کیسا سال گزر گیا!!!

لقیہ 1

پروگرام کی منظوری دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایٹی چیٹ اپنا گیم پورٹل 15 لاکھ 48 ہزار لوگ پورٹل پر رجسٹرڈ ہیں۔ ایٹی چیٹ گیم پروگرام میں شرکا نے گیمز کے ذریعے 80 ہزار خواتین کو ڈیجیٹل سکیلز دی ہیں۔ ایٹی چیٹ گیم پروگرام کے ذریعے ڈیجیٹل سکیلز دی ہیں۔ گورنر کے پاس ڈی جی ایٹی چیٹ کی تعیناتی کا معاملہ زیر غور ہے۔ گورنر ہاؤس کے اجلاس میں چائنا کوسٹ گارڈ کے ڈیلیگیشن کی آمد کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں سیاحت کے فروغ کے لئے تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں سیاحت کے فروغ کے لئے 17 ایمرجنسی اور اضرار کے کنٹیکٹ 13 ایمرجنسی اور اضرار کے کنٹیکٹ 55 کروڑ روپے منظور کیا گیا۔ بریفنگ میں شمر میرم اور نگزیب، وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ زاہد بخاری، ایم ایس اے جات حاضر تھیں۔ چیف سیکرٹری ایمرجنسی ریسکیو 1122 اور آرٹیکل جاوید، سیکرٹری پارٹی، سیکرٹری ڈاکٹر یاسمین عمر، انجینئر کیپٹن اور دیگر بھی موجود تھے۔

لقیہ 2

کہا کہ دنیا میں دہشت گردی عام ہے۔ قرآن پاک میں ہے کہ اللہ کسی کی اذیت کو قتل قرار دیا ہے۔ اس کا کہنا تھا کہ قرآن پاک ہی ہے جو دنیا میں امن کے انسانوں کے رہنمائی کرتا ہے۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک کا کہنا تھا کہ پاکستان آنے کی خواہش ہے پر بے حد فخر کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو آج جو مسائل ہے وہ اپنے کلچر کی وجہ سے ہے، ہم تیسرے نمبر ہوں تو دنیا کی سب سے بڑی طاقت بن سکتے ہیں۔ تقریب سے خطاب میں ڈاکٹر ذاکر نائیک نے مرحوم کا ذکر بہت خوبی علمی، دینی پاکستانیوں کی اور انسانیت کے بہت مقدور ہیں۔

لقیہ 3

شرکت کی۔ سفر کے دوران مختلف عوامی آپریشنز کا جائزہ لیا۔ ایئر کمانڈر ایم ایس اعوان، ایئر کمانڈر ایم ایس اعوان، ایئر کمانڈر ایم ایس اعوان،

ڈی چوک میں احتجاج کا اعلان ملکی مفاد میں نہیں، مصطفیٰ کمال

پی ٹی آئی کے احتجاج کی کال پر یہ پارٹی اینٹی اسٹیٹ ہی کہلائے گی، احتجاج سیاست اور جمہوریت کا حصہ ہے

ہماری سیاست اور پارٹی ملک کی سالمیت سے اوپر نہیں، ملک سے تو ہماری سیاست اور جمہوریت ہے، پولیس کا تنفس

کراچی (اے ایف پی) بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) مصطفیٰ کمال نے سوموار (آج) کو کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ تصادم کے لیے ڈی چوک میں احتجاج کا اعلان ملکی مفاد میں نہیں، ہماری سیاست اور پارٹی ملک کی سالمیت سے اوپر نہیں ہے، حکومت اور تمام ریاستی ادارے کے سامنے یہ حالات کو بہتر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ مانا پڑے گا ملک میں کوئی اینٹی اسٹیٹ ہی کہلائے گی، احتجاج سیاست اور جمہوریت کا حصہ ہے ہماری سیاست اور جمہوریت ہے، پولیس کا تنفس ہے، پولیس کا کام ہے کہ امن قائم کرے، ہم بھگاڑ، بیروزگاری اور معاشی حالات سے بھاگ رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ مانا پڑے گا ملک میں تکبر اکنامک استحکام (بقیہ نمبر 2 9)

عوامی شکایات پر انچارج RWMC کا نوٹس

روزانہ کی بنیاد پر سپروائزر اور ورکرز کی حاضری چیکنگ کی جائے گی

گوجرخان (فرخزاد) صفائی ستھرائی کے بعض انتظامات کی سوشل میڈیا رپورٹ میڈیا پر آنے پر ڈی عوامی شکایات کی بنا پر آر ڈبلیو ایم سی کے انچارج سردار نعیم کے کہا ہے موجودہ صورتحال کو دیکھتے

لاہور: ایک شخص ہیری منڈی میں کوڑے کے ڈھیر سے کارآمد چیزیں اکٹھی کر رہا ہے

جنسی درندے نے 9 سالہ بچی کو حوس کا نشانہ بنا ڈالا

ایسے درندے کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، عوامی سماجی حلقوں کا مطالبہ

چوآ سیدن شاہ (نامہ نگار خصوصی) تحصیل چوآ سیدن شاہ کے گاؤں گجھیرہ میں جماعت اول کی طالبہ کے ساتھ جنسی درندگی تحصیل چوآ سیدن شاہ کے گاؤں گجھیرہ میں نو برس معصوم بچی کو 55 سالہ جنسی درندے نے حوس کا نشانہ بنا ڈالا۔ بچی کا والد اک مزدور ہے اور بچی کی والدہ بیکرمہ فعل فی دفات پا گئی تھی والد نے پولیس کو اپنے موقف میں بتایا کہ میری (بقیہ نمبر 3)

چوآ سیدن شاہ ضلعی انتظامیہ گرانفروشی کنٹرول کرنے میں ناکام

چکن کا سرکاری ریٹ 700 سے 750 روپے فی کلو تک سرعام فروخت ہونے لگا

چوآ سیدن شاہ (نامہ نگار خصوصی) چوآ سیدن شاہ ضلعی انتظامیہ سمیت تحصیل انتظامیہ بھی گرانفروشی کنٹرول کرنے میں مکمل ناکام چکن سرکاری ریٹ 599 کی بجائے 700 سے 750 روپے فی کلو تک سرعام فروخت ہونے لگا چوآ سیدن شاہ (نامہ نگار خصوصی) چوآ سیدن شاہ شہر سمیت تحصیلات کے مطابق چوآ سیدن شاہ شہر سمیت گرانفروشی کنٹرول کرنے میں مکمل ناکام چکن سرکاری ریٹ 599 کی بجائے 700 سے 750 روپے فی کلو تک سرعام فروخت ہونے لگا تحصیلات کے مطابق چوآ سیدن شاہ شہر سمیت گوجرخان اور دیگر علاقوں میں چکن سرکاری ریٹ لسٹ کے مطابق 599 کی (بقیہ نمبر 3 4)

گجرات: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چودری شاہ حسین حاشی انٹیرنیشنل ہسپتال گجرات میں 54 ویں انٹرنیشنل کیلنڈر کیمپ کا افتتاح کر رہے ہیں

کرپشن کے مقدمات میں سیاسی مقاصد کیلئے ہراسانی ختم کی جائے

آئی ایم ایف کا حکومت سے نیب کو مزید موثر بنانے سیاسی ہراسانی ختم اور تحقیقاتی نظام کو شفاف بنانے کا مطالبہ

سرکاری افسران کے خیر قانونی طریقے سے بڑھتے اثاثوں کو روکا جائے اور گوشواروں کو پبلک کیا جائے، نئی فہرست مل گئی

اسلام آباد (آن لائن) عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) نے پاکستان میں کرپشن کے خاتمے کے لیے حکومت سے نیب کو مزید موثر بنانے سیاسی طور پر ہراسانی ختم کرنے اور تحقیقاتی نظام کو شفاف بنانے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ یہ بھی مطالبہ کیا گیا ہے کہ سرکاری افسران کے غیر قانونی طریقے سے بڑھتے اثاثوں کو روکا جائے اور سرکاری افسران کے اثاثوں اور آمدن کے گوشواروں کو پبلک (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی، تاش پر جواء کھیلنے والے 7 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم 36 ہزار، 8 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 07 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا، گرفتار 7 قمار بازوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 36 ہزار، 8 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان

ریس کورس پولیس کا برف خانہ چوک، گردوڈھاں میں سرچ آپریشن

گھروں، دکانیں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے برف خانہ چوک اور گردوڈھاں میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن کے دوران گھروں، دکانیں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے برف خانہ چوک اور گردوڈھاں میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن کے دوران گھروں، دکانیں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس کے ایس ایچ او اسد سید خالد مہدی کی جدایت پر راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے خفیہ کاشف سے 01 کلو 340 گرام چرس برآمد کی، وارث خان پولیس نے ملزم نعمان سے 650 گرام چرس، ملزم راشد سے 540 گرام چرس برآمد کی، رواٹ پولیس نے ملزم راشد سے 550 گرام چرس برآمد (بقیہ نمبر 4 0)

15 اکتوبر کو احتجاج کی کال، پی ٹی آئی کے رہنماؤں کے گھروں پر چھاپے

پولیس نے چھاپوں میں 7 کارکنوں کو حراست میں لے لیا، پولیس حکام کا دعویٰ

راولپنڈی (این این آئی) 15 اکتوبر کو پی ٹی آئی کی اسلام آباد میں ڈی چوک پر احتجاج کی کال کے معاملے پر پولیس کی جانب سے گیلسا، رواٹ، گوجر خان اور کلریاں میں چھاپے مارے گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق مارے گئے چھاپوں میں 7 کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔ ڈی آئی خان کے علاقے کلاچی میں جماعت اول کی طالبہ کے ساتھ جنسی درندگی تحصیل چوآ سیدن شاہ کے گاؤں گجھیرہ میں نو برس معصوم بچی کو 55 سالہ جنسی درندے نے حوس کا نشانہ بنا ڈالا۔ بچی کا والد اک مزدور ہے اور بچی کی والدہ بیکرمہ فعل فی دفات پا گئی تھی والد نے پولیس کو اپنے موقف میں بتایا کہ میری (بقیہ نمبر 3)

شراب سپلائرز نگلخاف کارروائی 8 گرفتار، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کر کے 51 لیٹر اور ایک بوتل شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے ملزم ارسلان سے 10 لیٹر شراب، ملزم اسد سے 10 لیٹر شراب، ملزم شاہد سے 06 لیٹر شراب، وارث خان پولیس نے ملزم فرحان سے 10 لیٹر (بقیہ نمبر 3 1)

ناجائز اسلحہ رکھنے والے 4 ملزمان گرفتار، اسلحہ اور ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انٹیرپٹ پولیس نے ملزم زاہد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم طیب سے 01 پستول موذر معہ ایمونیشن، ویسٹرج پولیس نے ملزم علی سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ضیعہ آباد پولیس نے ملزم عارف سے 01 پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن برآمد کر (بقیہ نمبر 3 2)

پنجاب آرٹس کونسل میں ہسپالا کھا کی کتاب 'یہ روشنی غریب ہے' کی تقریب رونمائی

راولپنڈی (ای این آئی) پنجاب آرٹس کونسل کے زیر اہتمام ہسپالا کھا کی نظموں پر مبنی کتاب 'یہ روشنی غریب ہے' کی تقریب رونمائی منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت ڈاکٹر وحید احمد نے کی۔ مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر رشی نریم تھے جبکہ نظامت کے فرائض ادو برلون نے ادا کیے۔ دیگر مقررین میں ڈاکٹر ابی پی ایدو اور مشکور علی شامل تھے۔ تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 3 5)

اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر راشد حسین شاہ کا یوم والدین کی تقریب میں طلبہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

گوجرخان میں باربرشاپس بیماریاں پھیلانے میں ممکن

محکمہ ہیلتھ کے SOP'S کہیں پر بھی فالو نہیں ہو رہے

گندے استرے مشین اور تولیوں کے استعمال سے ہیپاٹائٹس پھیلنے کا خطرہ

متعدد باربرشاپس پر ڈیزل اور دیگر جراثیم کش لیکویڈ کا استعمال ناگزیر

گوجرخان (فرخزاد) ڈی ڈی ایچ او کی کارکردگی سوالیہ نشان بن گئی مناسب پیک ایڈ بلیٹس نہ ہونے کی وجہ سے گلی محلوں اور بازاروں کے اندر متعدد باربرشاپس، سالان نے نگر ہیلتھ کے لیٹس اور چیزیں دکھیں بکھیر کر رکھوریں استعمال شدہ بلیڈ بکھرے کی نظر جبکہ میلے کچیلے جوتے تولیے استرے اور مشینوں کا استعمال عام، شیونگ کٹنگ میں استعمال ہونے والے اوزاروں کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے جراثیم کش لیکویڈ یا ڈیزل کا استعمال کیں بھی نہیں عوامی حلقوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈی ڈی ایچ (بقیہ نمبر 4 4)

ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب دو رکنی ڈکیت گینگ گرفتار

2 موٹر سائیکل، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب دو رکنی ڈکیت گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں ذاہد اور عبداللہ شامل ہیں، ملزمان سے 02 موٹر سائیکل، موبائل فون اور (بقیہ نمبر 4 5) استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات

بیلرو یونیورسٹی اور ایف ڈی آئی پاکستان کے ماہین باہمی سمجھوتے کی دستاویزات پر دستخط کیے جا رہے ہیں

پٹواریوں کے پرائیویٹ منشیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

منشی اور اہلکار اسی سی آفس کے نام پر مفت گوشت کی ڈیمانڈ کرتے ہیں، نصاب آچے ہیں

گوجرخان (فرخزاد) دوماہ سے اسی کے آفس گوجرخان کے پٹواریوں اور پٹواریوں کے پرائیویٹ منشیوں کی جانب سے آئے روز چیکنگ کے خلاف تھانیاں کا احتجاج اسی کی آفس کے نام پر مفت گوشت کی ڈیمانڈ سے تنگ آچکے ہیں، احتجاج کے دوران عہدیدار سے گفتگو کرتے ہوئے عمران، امجد ظہیر ملک، احتشام رحمت خان ولٹاہ شاہ، امتیاز خرف بھالی، عاصم علی، محمد بار اور دیگر کا کہنا تھا کہ ایک جاتا ہے تو دوسرا آ جاتا ہے اسے (بقیہ نمبر 4 6)

لاہور: سیکرٹریٹ کا رجا بیکا کیمرے کی شاہ باغ گول گراؤنڈ میں نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

ڈکیتی کی وارداتوں میں گرفتار دائی گینگ سے تفتیش میں پیشرفت

مختلف وارداتوں میں چھینے گئے مزید 15 ہزار 500 روپے، اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) آرائے بازار پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں گرفتار دائی گینگ سے تفتیش میں مزید پیشرفت کرتے ہوئے گینگ کے ارکان میاں بیوی داشی اور عمرش سے مزید برآمدگی کی ملزمان سے مختلف وارداتوں میں چھینے گئے مزید 15 ہزار 500 روپے اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا ملزمان سے سفل اذین چھینا گیا موٹر سائیکل اور رقم 43 ہزار 500 روپے برآمد ہوئے تھے۔ تفصیلات کے مطابق آرائے بازار پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں گرفتار دائی گینگ کے ارکان میاں بیوی داشی اور عمرش سے مزید برآمدگی کی ملزمان سے مختلف وارداتوں میں چھینے گئے مزید 15 ہزار 500 روپے اور اسلحہ ہوئے گینگ ارکان (بقیہ نمبر 4 7)

کار و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں مطلوب 2 رکنی مانی گینگ گرفتار

لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ مہران کار، 09 موٹر سائیکل اور رقم 10 ہزار برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کار و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں مطلوب 2 رکنی مانی گینگ کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ مہران کار، 09 موٹر سائیکل اور رقم 10 ہزار برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کار و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں مطلوب 2 رکنی مانی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں مرشد عمران عرف مانی اور (بقیہ نمبر 4 8)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

آئینی ترمیم کے حوالے سے اتفاق رائے ناگزیر

ایوان عدل کی عمارت پر آنسو گیس کی شیلنگ کرنے پر محکمہ دو کانسٹیبلوں کو معطل کر دینا کافی نہیں، اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں

ایوان عدل کی عمارت پر حملہ انصاف پر حملہ ہے، شیلنگ کا حکم دینے والے افسران کو کٹہرے میں لایا جائے' وائس چیئرمین بابر وحید (لاہور (اے ایف پی) بنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری بابر وحید نے کہا ہے کہ آنسو گیس کی شیلنگ کرنے پر محض دو کانسٹیبلوں کو معطل کر دینا کافی نہیں بلکہ ہمارا مطالبہ ہے کہ اس اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں اور اس اقدام کا حکم دینے والے پولیس افسران (بقیہ نمبر 4 9)

پروفیسر ڈاکٹر شی عاشق میکس فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر نوراں رواں تقریب پیش کر رہی ہیں

پنجاب پولیس میں بڑے پیمانے پر تقرر و تبادلے، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (آن لائن) پنجاب پولیس میں بڑے پیمانے پر تقرر و تبادلوں کے اختیارات جاری کر دیئے گئے۔ ڈی آئی جی بنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ایک ایس پی اور 32 ڈی ایس پیز کے تبادلے کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق محمد شہزاد خان ڈی ایس پی لیگل سروس ہیڈ کوارٹر لاہور میں امیر جہاں ڈی ایس پی لیگل تھری آپریشن لاہور تعینات، عمران رزاق ایس ایس پی آر آئی پی راولپنڈی بخز بشیر ریاض ایس پی انویسٹی گیشن باغبان پورہ تعینات، منصور اسلم ڈی (بقیہ نمبر 5 0)

بیوہ، مطلقہ خواتین کی مدد کے لیے خصوصی منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ

لاہور (آن لائن) محکمہ لائیو سٹاک نے بیوہ اور مطلقہ خواتین کی مدد کے لیے خصوصی منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت انہیں پالنے کے لیے ملٹ کیٹیلیں فراہم کی جائیں گی۔ منصوبے کی لاگت کا تخمینہ 02 ارب روپے لگایا گیا ہے، جس کی بنجاب حکومت نے منظوری دے دی ہے۔ محکمہ لائیو سٹاک نے منصوبے پر عملدرآمد کے لیے آج ہفتہ 12 اکتوبر کو اخبار دعوتیں طلب کر رکھی (بقیہ نمبر 5 3)

گرین بیلٹس کو مرحلہ وار بنایا جائے گا، جہانزیب اعوان

سایہ و پھول دار پودے لگائے جائیں گے، کمشنر سرگودھا ڈویژن

سرگودھا (نمائندہ خصوصی) کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سٹیشن ریجنرڈ محمد نیم ڈویژنل انجینئر ریلوے آصف ممتاز، کنزرویٹر ملک امداد ڈی جی پی ڈی اتھارٹی خالد مجید، اسسٹنٹ کمشنر آمنہ احسان نارڈی ایم ایم ڈی ریا بلوچ اور ای او ملٹی کونسل (بقیہ نمبر 5 1)

پی ٹی آئی کے کارکنان کیخلاف کریک ڈاؤن کا دوبارہ آغاز

مطلوب اور فہرستوں کے مطابق 35 سے زائد کارکنان کو حراست میں لیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے اسلام آباد میں احتجاج کے پیش نظر لاہور پولیس نے دوبارہ کریک ڈاؤن شروع کر دیا، مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر متعدد رہنماؤں اور کارکنوں کو حراست میں لے لیا گیا۔ کریک ڈاؤن آپریشنز پولیس، انٹیلی جنس اور آرگنائزڈ کرائم یونٹ نے کیا۔ ذرائع کے مطابق، جو ہر ٹاؤن، (بقیہ نمبر 5 2)

کمشنر سرگودھا ڈویژن کا تحصیل ساہیوال کا تفصیلی دورہ

کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے ایم ایم ای کے ہمراہ موضع کدلتھی کے بنیادی مرکز صحت کی تعمیر و مرمت کے کام کا بھی موقع پر جا کر معائنہ کیا

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول احمد آباد کا بھی معائنہ کیا اور اساتذہ کرام سے ملاقات کر کے مسائل پوچھے

لاہور: پیشل پروٹیکشن یونٹ کا اہلکار بغیر ہیلمٹ سفر کے ساتھ موبائل فون پر بات کرتے ہوئے جا رہا ہے

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان نے بلتیہ کے روز تحصیل ساہیوال کا تحصیل دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد وسیم اور ممبر صوبائی اسمبلی سید ریحر تحمود علی خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ افسران نے اپنے دورے کا آغاز نواحی گاؤں چاہے والا سے کیا انہوں نے مختلف گلیوں میں جا کر دیہاتیوں سے تعمیر ہونے والے منصوبے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تعمیر ہونے والے منصوبے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تعمیر ہونے والے منصوبے پر اطمینان کا اظہار کیا اور لوگل گورنمنٹ افسران کو مزید بہتر اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے بازار میں دکانوں پر ریٹ لسٹوں کو (بقیہ نمبر 5 4)

ورلڈ بینک سے 300 ملین ڈالر کا سوفٹ لون لینے کا فیصلہ

الیکٹرک پبلک ٹرانسپورٹ کے منصوبے پر 5 سال کا گریس پیریڈ ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے الیکٹرک پبلک ٹرانسپورٹ کے منصوبے کیلئے ورلڈ بینک سے 300 ملین ڈالر کا سوفٹ لون لینے کا فیصلہ کیا ہے، یہ قرضہ پنجاب حکومت کو 25 سال کی مدت میں واپس کرنے کی پابندی کے ساتھ فراہم کیا جائے گا۔ بتایا گیا (بقیہ نمبر 5 6)

اسلام آباد پولیس نے جامع، مربوط سیکورٹی ڈریٹک پلان تشکیل دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) "شہری تعاون سیم کے سربراہی اجلاس" کی سکیورٹی کے لیے اسلام آباد پولیس نے جامع اور مربوط سیکیورٹی ڈریٹک پلان تشکیل دے دیا، ایس ایس پی اوسٹ 2024 کی بھرپور سیکیورٹی کے لیے کمیٹی بنانے کیلئے اسلام آباد پولیس کے 09 ہزار سے زائد افسران و جوان اپنے فرائض ادا کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں "شہری تعاون سیم 2024" کا سربراہی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں (بقیہ نمبر 5 5)

سٹاف ویلفیئر فنڈ کے قیام کا مقصد ملازمین کی فلاح و بہبود ہے

ملازمین کی بچیوں کے لیے میرج گرانٹ میں اضافہ کر دیا گیا، چودھری نسیمین

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے مزدور یونین نے خلاف ویلفیئر فنڈ سے ادارے میں کام کرنے والے ملازمین کی بچیوں کے لیے میرج گرانٹ میں ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر دو لاکھ روپے اضافہ کروا دیا اور ساتھ ہی یہ فیصلہ کروایا کہ وہ ملازم جنہی دو یا دو سے زائد بیٹیاں ہیں اگی دو بیٹیوں کو میرج گرانٹ ملے گی، بیوہ کو ملنے والے سٹاف ویلفیئر فنڈ تیس ہزار روپے سے بڑھا کر ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر نمبر 1 0 سے شکیل (بقیہ نمبر 5 7)

سابق وفاقی وزیر داخلہ اختر خان ایم ایم 97 کے دورہ کے موقع پر عاطف شجاع اور واصف عدیل سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

2 عدد رائفلیں اور 5 عدد پستول برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 7 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2 عدد رائفلیں اور 5 عدد پستول برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے مہم شروع کیے ہوئے ہے، اس سلسلہ میں اسلام آباد پولیس قائد کراچی تھانہ سبزی منڈی تھانہ کریا پولیس نمبر (بقیہ نمبر 5 8)

سنگین جرائم میں ملوث 7 ملزمان گرفتار

آسانیاں پیدا کر کے ہی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں لایا جا سکتا ہے

حکومت کی جانب سے معاشی استحکام کیلئے ضروری ہے کہ وہ ملکی اور غیر ملکی افراد کیلئے آسانیاں پیدا کرے

اس وقت پاکستان کی ترجیح معیشت کا استحکام ہونا چاہیے، سابق رکن قومی اسمبلی چوہدری عامر جیمز، نیب سلطان جیمز

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) کاروبار میں آسانیاں پیدا کر کے ہی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں لایا جا سکتا ہے حکومت کی جانب سے معاشی استحکام کیلئے ضروری ہے کہ وہ ملکی اور غیر ملکی افراد کیلئے آسانیاں پیدا کرے تاکہ سرمایہ کار بغیر کسی رکاوٹ کے سرمایہ کاری کر سکیں، (بقیہ نمبر 6 0)

اسلام آباد، شراب فروشی میں ملوث ملزمان گرفتار

بھاری مقدار میں شراب اور آلات تیاری شراب برآمد کر لئے

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ کریا پولیس نے شراب فروشی میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں شراب اور آلات تیاری شراب برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا خلیج طبر میں شراب اور منشیات فروش کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ کریا پولیس نے شراب فروشی میں ملوث تین ملزمان ذیشان الیاس، محمد طارق اور خالد مسیح کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب اور آلات تیاری شراب برآمد کر لئے، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے، ڈی آئی جی اسلام آباد سید علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شراب و منشیات فروشی کے مکروہ (بقیہ نمبر 6 0)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 6000/-

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار
گوملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com